وزارتِ خارجہ نے بھارت میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر کو طلب کیا

17 دسمبر، 2025

بھارت میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر جناب ریاض حمیداللہ کو آج (دسمبر 17، 2025) وزارتِ خارجہ کی جانب سے طلب کیا گیا اور انہیں بنگلہ دیش میں بگڑتی ہوئی سیکیورٹی کی صورتحال پر بھارت کے شدید تحفظات سے آگاہ کیا گیا. بالخصوص ان کی توجہ بعض انتہاپسند عناصر کی سرگرمیوں کی طرف مبذول کرائی گئی، جنہوں نے ڈھاکہ میں بھارتی مشن کے ارد گرد سیکیورٹی کی صورتحال ابتر کرنے کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے.

2. بھارت بنگلہ دیش میں حالیہ بعض واقعات کے حوالے سے انتہاپسند عناصر کی جانب سے گڑھے گئے جھوٹے بیانیے کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے. یہ افسوسناک امر ہے کہ عبوری حکومت نے نہ تو ان واقعات کی مکمل اور جامع تحقیقات کی ہیں اور نہ ہی ان کے حوالے سے بھارت کے ساتھ کوئی ٹھوس اور بامعنی شواہد شیئر کیے ہیں.

3. بھارت کا بنگلہ دیش عوام کے ساتھ قریبی اور دوستانہ تعلقات ہیں، جو جدوجہدِ آزادی میں مشترکہ قربانیوں سے جڑے ہوئے ہیں، اور جنہیں مختلف ترقیاتی منصوبوں اور عوامی سطح کے باہمی روابط کے ذریعے مزید مضبوط کیا گیا ہے. ہم بنگلہ دیش میں امن و استحکام کے حامی ہیں اور ہم مسلسل اس بات پر زور دیتے رہے ہیں کہ آزاد، منصفانہ، شفاف، جامع اور قابلِ اعتماد انتخابات پُرامن ماحول میں منعقد کیے جائیں.

4. ہم عبوری حکومت سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ اپنے سفارتی فرائض کے مطابق بنگلہ دیش میں قائم مشنز اور سفارتی دفاتر کی سلامتی کو یقینی بنائے گی.

نئی دہلی
17 دسمبر، 2025